# سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن (SSPA) سسٹم 2025
# بار بار پوچھے جانے والے سوالات

## SSPA کے نتائج کا اجراء

**(1) سوال اگر والدین/سرپرست اسکول واپس نہیں آ سکتے اور ایلوکیشن نتائج کے اجرائ کے دن (جو کہ 8 جولائی 2025) ایلوکیشن نتائج کو حاصل نہیں کر سکتے یا 10 اور 11 جولائی کو مختص اسکولوں کے ساتھ رجسٹر نہیں کروا پاتے تو، انھیں کیا کرنا چاہیئے؟**

**جواب** (a) اگر والدین/سرپرست خود اسکول واپس آنے کے قابل نہیں ہوتے اور ایلوکیشن نتائج کو وصول نہیں کر پاتے اور مختص شدہ اسکول کے رجسٹریشن طریقہ کار کو مکمل نہیں کر پاتے ، تو انہیں اپنے بچے کے پرائمری اسکول کے سربراہ سے اپنی جانب سے عمل کرنے کی نمائندگی کے لئے ایک تحریری اجازت نامہ حاصل کر لینا چاہیئے۔ تفصیلات کے لئے ، براہ کرم متعلقہ پرائمری اسکول سے رابطہ کریں۔ ایلوکیشن نتائج کے اجراء کے دن، مجاز نمائندے کو ایڈمیشن سلپ کو وصول کرنے کے لیے خود اپنی شناختی دستاویز اور پرائمری اسکول سے متعلقہ طالب علم کی سیکنڈری 1 طلباء کے حوالے سے رجسٹریشن کے لیے اجازت نامہ پیش کرنا چاہیے، تا کہ متعلقہ دستاویزات میں بتائی گئی تاریخوں پر رجسٹریشن کے طریقہ کار کو مکمل کیا جا سکے۔ بصورت دیگر، مختص سیکنڈری 1 (S1) نشست کو محفوظ نہیں رکھا جائے گا۔

(b) اگر والدین/سرپرست کو حقیقی مشکلات درپیش ہیں رجسٹریشن کی مدت کے دوران مختص شدہ اسکول کے ساتھ بذات خود یا انکے مجاز نمائندے کی طرف سے رجسٹریشن کروانے میں، وہ رجسٹریشن کی مدت ختم ہونے سے پہلے متعلقہ اسکولوں یا ایجوکیشن بیورو (EDB) کے اسکول پلیسز ایلوکیشن (SPA) سیکشن کو مطلع کریں تاکہ رجسٹریشن کے لئے متبادل انتظامات کیے جاسکیں۔ ایسا کرنے میں ناکامی کا مطلب ہے کہ انہوں نے مختص جگہوں کو چھوڑنے کا انتخاب کیا ہے۔

**(2) سوال اگر طلباء رجسٹریشن کی مدت سے پہلے اپنی ایلوکیشن دستاویزات گم کر دیتے ہیں، تو انہیں کیا کرنا چاہئے؟**

**جواب** اگر طلباء رجسٹریشن کی مدت سے پہلے اپنی ایلوکیشن دستاویزات گم کر دیتے ہیں، تو انہیں جلد از جلد نئی دستاویز کے لئے درخواست دینی چاہئے۔ طلباء یا ان کے مجاز نمائندوں کو طلباء کے شناختی دستاویزات اور پرائمری اسکولوں میں شرکت کی اصل دستاویزات اپنے ہمراہ لانی چاہئیں (جیسے اسکول کی رپورٹس یا Primary 6 Student Record Forms) اور دفتری اوقات (پیر سے جمعہ صبح 8:30 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک اور دوپہر 2:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک؛ ہفتہ، اتوار اور عوامی تعطیلات کو بند رہتا ہے) کے دوران EDB کے SPA سیکشن پر نئی دستاویزات حاصل کرنے کے طریقہ کار کو مکمل کریں (پتہ: Podium Floor, West Block, Education Bureau Kowloon Tong Education Services Centre, 19 Suffolk Road, Kowloon Tong) دفتری دستخط کی فیس HK$125 ہے۔ اگر طلباء رجسٹریشن کی مدت میں اپنی ایلوکیشن دستاویزات گم کر دیتے ہیں، تو انہیں EDB کے SPA سیکشن سے جلد از جلد رابطہ کرنا چاہئے 2832 7700 یا 2832 7740 پر۔

**(3) سوال اگر والدین نتائج کے اجراء کے بعد اپنے بچوں کے داخلے کے لیے کسی دوسرے اسکول میں درخواست دینا چاہتے ہیں یا رجسٹریشن کے بعد ان کے بچوں کا داخلہ کسی دوسرے اسکول کے ذریعہ لیا جاتا ہے تو انہیں کیا کرنا چاہئے؟**

**جواب** والدین، مختلف وجوہات کی بنا پر، اپنے بچوں کے داخلے کے لیے کسی دوسرے اسکول میں درخواست کی خواہش کر سکتے ہیں۔ اس صورت میں، والدین براہ راست اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں لیکن جہاں چاہیں ان کے بچوں کو داخل کیا جائے گا یہ متعلقہ اسکول کی صوابدید پر ہے۔ والدین کو نوٹ کرنا چاہئے ان کے بچوں کا داخلہ کسی دوسرے اسکول کے ذریعہ لیے جانے سے پہلے، والدین کو رجسٹریشن کی معینہ مدت اور وقت کے اندر ان مختص اسکولوں کے ساتھ بھی رجسٹر ہونا ہو گا۔ ایسا کرنے میں ناکامی مختص مقام کو چھوڑنا سمجھی جائے گی۔

اگر ایک طالب علم کا داخلہ کسی دوسرے اسکول کے ذریعہ لیا جاتا ہے، تو اسے اس مختص اسکول سے ایڈمیشن سلپ دوبارہ حاصل کرنی ہو گی جس کے ساتھ اسے منتقل کئے گئے اسکول میں جمع کرانے کے لئے رجسٹر کیا گیا ہے۔ طالب علم کو مختص اسکول سے ایک مرتبہ ایڈمیشن سلپ دوبارہ حاصل کرنے کے بعد، مختص اسکول رجسٹریشن منسوخ کر دے گا اور مختص S1 نشست اس کے لئے محفوظ نہیں رہے گی۔

**(4) سوال کیا ایک طالب علم کو دیگر اضلاع میں ایک اسکول کے لئے مختص کیا جائے گا؟**

**جواب** ایک طالب علم کو مندرجہ ذیل شرائط کی بنا پر دیگر اضلاع میں ایک اسکول کے لئے مختص کیا جائے گا:

(a) طالب علم کو کسی اور ضلع میں صوابدیدی جگہوں (DP) کے مرحلہ میں ایک اسکول کی طرف سے داخلہ دیا گیا ہو۔

(b) طالب علم کو مرکزی اختصاص (CA) کے مرحلہ میں حصہ A "غیرمحدود اسکول انتخابات" کے تحت منتخب کردہ کسی اور ضلع میں ایک مختص کردہ اسکول میں داخلہ دیا گیا ہو ؛ یا

(c) ہر ایک اسکول نیٹ میں، ضلع کے سیکنڈری اسکول موجود ہیں اور والدین کی پسند کے لئے دیگر اضلاع میں سیکنڈری اسکولوں کی ایک بڑی تعداد واقع ہے۔ طلبہ کو ایک اور ضلع میں ایک سیکنڈری اسکول کے لئے مختص کیا جا سکتا ہے جو ان کے اسکول نیٹ کے لئے اسکول کی جگہیں فراہم کرتا ہے۔

**(5) سوال کیا طلباء کو اسکول فارم (Choice Form) میں سیکنڈری انتخاب کے لئے دیئے گئے اپنے اسکول کے انتخابات کے علاوہ اسکولوں کے لئے منتخب کیا جائے گا؟**

**جواب** Choice Form کے "غیر محدود اسکول انتخابات" کے حصہ A کو مکمل کرتے ہوئے، والدین کسی بھی اسکول نیٹس سے زیادہ سے زیادہ تین سیکنڈری اسکولوں کو منتخب کر سکتے ہیں۔ حصہ B "محدود اسکول انتخابات" کو مکمل کرتے ہوئے، والدین اسکول نیٹ سے زیادہ سے زیادہ 30 سیکنڈری اسکولوں کو منتخب کر سکتے ہیں جس سے ان کا بچہ تعلق رکھتا ہے۔

اسکول جگہیں مختص کرنے کے عمل میں، حصہ A میں"غیر محدود اسکول انتخابات" پر پہلے عمل کاری کی جائے گی۔ حصہ A میں ایک اسکول میں جگہ حاصل کرنے میں کامیاب طالب علم کیلئے حصہ B میں"محدود اسکول انتخابات" میں ایک جگہ مختص نہیں رکھی جائے گی۔ اگر ایک طالب علم کے حصہ A میں اس کے اسکول کے انتخاب کے ختم ہو جانے کے بعد اسکول کی نشست مختص نہیں کی جاتی ہے، تو اسے حصہ B میں اسکول جگہ تفویض کی جائے گی۔

حصہ B میں اسکول کے انتخابات پر عمل کاری کرتے ہوئے، کمپیوٹر ایلوکیشن بینڈ اسکول کے انتخابات اور بے ترتیب نمبر کے مطابق طالب علموں کو اسکول کی نشستیں مختص کرے گا۔ اگر طلباء کو ان کے اسکول کے انتخابات کے ختم ہو جانے کے بعد بھی اسکول کی نشستیں مختص نہیں کی جاتی ہیں، تو کمپیوٹر ان کے لئے سکول نیٹ میں سیکنڈری سکولوں[1] کی باقی جگہوں سے جگہ مختص کرے گا۔ دیگر الفاظ میں، والدین کی طرف سے پُر کئے جانے والے اسکول کے انتخابات جتنے زیادہ ہوں گے ، ان کے بچوں کو کسی منتخب اسکول میں مختص کیے جانے کا موقع اتنا ہی بہتر ہوگا ۔ اس کے برعکس، اگر والدین چند اسکولوں یا مقبول اسکولوں کا انتخاب کرتے ہیں، تو اپنے اسکول انتخابات سے بالاتر ان کے بچوں کو ایک سیکنڈری اسکول میں مختص کئے جانے کے امکانات زیادہ ہیں۔

[1] ماسوائے ڈائریکٹ سبسڈی سکیم سکولوں اور ایسے سکولوں کے جن میں یہ تبصرہ ہو کہ "طلبہ کو اس سکول میں جگہ تفویض نہ ہو گی الا یہ کہ انہوں نے اس کو اپنی چوائسز میں شامل کر رکھا ہو"۔

**(6) سوال کیا ایک فیڈر/نامزد پرائمری اسکول کے طلباء کو ان کے فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کے لئے مختص نہیں کیا جائے گا؟**

**جواب** متعلقہ طلباء صرف اپنے فیڈر/ نامزد کردہ سیکنڈری اسکول میں ایک مخصوص نشست کے لئے اہل ہیں اگر وہ نیٹ بینڈ 1 یا 2 میں ہو اور اس نے CA کے حصہ B "محدود اسکول انتخابات" میں فیڈر/ نامزد کردہ سیکنڈری اسکول کو اپنے پہلے انتخاب کے طور پر چُنا ہو۔ اگر اہل طلبا کی تعداد مخصوص جگہوں سے متجاوز ہو جاتی ہے، تو مختص طلباء کو 'نیٹ بینڈ اور ان کے بے ترتیب نمبر پر بنیاد پر منعقد کی جائے گی جب تک کہ تمام تفویض کردہ جگہیں پُرنہیں ہو جاتی ہیں۔

تاہم، ایسے کیسز بھی ہو سکتے ہیں جب طلباء کو فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کے لئے مختص نہیں کیا جاتا ہے:

(a) طالب علم نیٹ بینڈ کے مطالبات کو پورا نہیں کرتا ہے؛

(b) طالب علم نے CA کے حصہ B "محدود اسکول انتخابات" میں فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کو اپنا پہلا اسکول انتخاب نہیں چنا ہے جیسا کہ مطلوب ہے؛

(c) اہل فیڈر/نامزد پرائمری 6 طلباء کی تعداد فیڈر/نامزدہ سیکنڈری اسکول کی مختص گنجائش سے زیادہ ہیں؛

(d) طالب علم نے کامیابی سے ایک اور سیکنڈری اسکول میں ایک صوابدیدی جگہ حاصل کر لی ہے یا اس کیلئے حصہ A کےCA کے "غیر محدود اسکول انتخابات" میں ایک اسکول کی جگہ مختص کر دی گئی ہے؛ یا

(e) طالب علم کو کراس نیٹ اختصاص کے لئے منظوری دی گئی ہے۔

**(7) سوال SSPA نظام میں حصہ لینے والے ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم (DSS) سیکنڈری اسکولوں اور سرکاری، معاونت کردہ اور نمایاں سیکنڈری اسکولوں کے درمیان ایلوکیشن انتظامات میں کیا فرق ہے؟**

**جواب** DSS سیکنڈری اسکولوں اور حکومتی، معاونت شدہ اور نمایاں سیکنڈری اسکولوں میں حصہ لینے کے لئے ایلوکیشن انتظامات بنیادی طور پر ایک ہی ہیں ماسوائے یہ کہ حصہ لینے والے DSS سیکنڈری اسکول S1 کی 30% سے زیادہ جگہوں کو بطور DP محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ اسکولوں سے اب بھی تقاضا کیا جاتا ہے کہ حصہ A "غیر محدود اسکول انتخابات" کے تحت تقسیم کے لئے CA کے حوالے سے اسکول کی جگہوں میں سے 10% محفوظ رکھیں۔ اس کے علاوہ، حصہ لینے والےDSS سیکنڈری اسکولوں کی S1 جگہوں کو CA کے حصہ B "محدود اسکول انتخابات" میں ایک "کوئی انتخاب نہیں کوئی مختص دہی نہیں" کے اصول پر مختص کیا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، طلباء کو حصہ لینے والے DSS سیکنڈری اسکول میں اس وقت تک مختص نہیں کیا جائے گا جب تک کہ انہوں نے CA کے حصہ B میں اسکول کو انتخاب میں شامل نہ کیا ہو۔

**(8) سوال والدین کو مختص نتائج پر استفسارات براہ راست کہاں سے حاصل کرنے چاہئیں؟**

**جواب** والدین EDB کے SPA سیکشن Podium Floor, West Block, Education Bureau Kowloon Tong Education Services Centre, 19 Suffolk Road, Kowloon Tong سے دفتری اوقات (پیر سے جمعہ صبح 8:30 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک اور دوپہر 2:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک؛ ہفتہ، اتوار اور عوامی تعطیلات کو بند رہتا ہے) میں رابطہ کر سکتے ہیں۔ SPA سیکشن کے ٹیلیفون نمبر 7740 2832 یا 7700 2832 ہیں۔ SSPA نظام کے بارے میں عمومی معلومات کے لئے، برائے مہربانی معلومات کا کتابچہ اور ہوم پیج پر ویڈیوز سے رجوع کریں۔

سکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن

ایجوکیشن بیورو

جولائی 2025